**2024-10-27**

**Hrs 08.30**

**HL-Opening**

**آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ**

**(Music)**

**آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ**

**پہلے اِس وقت کی اہم خبریں**

---

**1 وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں 11 بجے آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔**

**2 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج بھارت-بنگلہ دیش سرحد سے متصل Petrapole خشکی بندرگاہ میں مسافروں کیلئے نئے تیار کردہ ٹرمنل عمارت اور مال برداری کے گیٹ 'میتری دوار' کا افتتاح کریں گے۔**

**3 مرکزی وزیر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ 2035 تک بھارت کا اپنا خلائی اسٹیشن ہوگا، جو بھارتیہ Antriksh اسٹیشن کے نام سے جانا جائے گا۔**

**4 اِس سال اگست کے مہینے میں ESI اسکیم کے تحت 20 لاکھ 74 ہزار سے زیادہ نئے ملازمین کا اندراج کیا گیا ہے۔**

**5 اسپین کے صدر Pedro Sanchez آج سے بھارت کے تین روزہ دورے پر ہوں گے۔**

**6 بھارت کے ابھیشیک نے البانیہ کے Tirana میں 23 سال سے کم عمر کی کشتی عالمی چمپئن شپ میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔**

**7 اور آج سہ پہر احمد آباد میں تین میچوں کی سیریز کے دوسرے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم کا سامنا نیو زیلینڈ سے ہوگا۔**

**(Music)**

**اب خبریں تفصیل سے۔**

**PM MANN KI BAAT**

وزیرا عظم نریندر مودی آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر ’من کی بات‘ پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 115 واں نشریہ ہوگا۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے تمام نیٹ ورک، **AIR** نیوز ویب سائٹ اور **newsonair** موبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔ **AIR** نیوز، ڈی ڈی نیوز، پی ایم او اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی اسے براہ راست نشر کیا جائے گا۔

آکاشوانی، ہندی نشریے کے فوراً بعد مقامی زبانوں میں اس پروگرام کو نشر کرے گا۔ **x**

## AMIT SHAH LAND PORT

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج مغربی بنگال کے پیترا پول میں بھارت۔بنگلہ دیش سرحد پر خشک بندرگاہ ’’میتری دوار‘‘ کی نو تعمیر شدہ مسافر ٹرمنل عمارت اور کارگو گیٹ کا افتتاح کریں گے۔ اس ٹرمنل کا مقصد بھارت اور بنگلہ دیش کے شہریوں کی آمدروفت کو آسان بنانا اور بین الاقوامی تجارت کو فروغ دینا ہے۔

مغربی بنگال کے شمالی 24 پرگنہ ضلعے میں واقع پیترا پول خشک بندرگاہ، جنوبی ایشیا کی سب سے بڑی خشک بندرگاہ ہے جو بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان تجارت اور کامرس کو بڑھاوا دینے میں کلیدی رول ادا کرتی ہے۔

اسی طرح پیترا پول۔ بینا پول کراسنگ بھی انتہائی اہم زمینی سرحدی علاقوں میں سے ایک ہے جہاں سے بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان زمینی سطح سے قریب 70 فیصد تجارت ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھارت کی آٹھویں سب سے بڑی بین الاقوامی امیگریشن بندرگاہ بھی ہے جو سالانہ 20 لاکھ35 ہزار سے زیادہ مسافروں کی آمدروفت کو ممکن بناتی ہے۔

نئے مسافر ٹرمنل سے علاقائی بنیادی ڈھانچے کو تقویت ملے گی اور 20 ہزار مسافر یومیہ کی صلاحیت کے حساب سے ایک ہی چھت کے نیچے امیگریشن، کسٹمز اور سیکیورٹی خدمات فراہم کی جا سکیں گی۔

’’میتری دوار‘‘ کارگو گیٹ وہ مشترکہ قدم ہے جس پر بھارت اور بنگلہ دیش دونوں نے اتفاق کیا ہے۔

جناب شاہ نے گذشتہ سال 9 مئی کو اس پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھا تھا۔ 600 سے 700 ٹرک روزانہ کی سرحد پار آمدروفت کو دیکھتے ہوئے لینڈ پورٹ اتھارٹی آف انڈیا نے بھارت۔ بنگلہ دیش سرحد پر نیا کارگو گیٹ قائم کیا۔

پیترا پول تقریب کے بعد جناب شاہ دوپہر کو ہُگلی ضلعے کے آرام باغ میں امدادِ باہمی کے محکمے کی جانب سے منعقد پروگرام میں شرکت کریں گے۔

شام کو مرکزی وزیر داخلہ کولکاتہ کے سالٹ لیک میں ایسٹرن زونل کلچرل سینٹر میں پارٹی تقریب میں شرکت کریں گے۔ رات کو جناب شاہ نئی دلی لوٹ آئیں گے۔**x**

**ISRO SOMNATH AKASHVANI**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بھارت کے خلائی پروگرام کو وسیع تر بلندیوں تک پہنچانے میں بھارتی خلائی تحقیق کی تنظیم ISRO کے تعاون کی ستائش کی۔ نئی دلّی کے آکاشوانی کے رنگ بھون میں سردار پٹیل میموریل لیکچر 2024 کے موقع پر ایک ویڈیو پیغام میں صدر جمہوریہ مرمو نے اپنے پیغام میں سردار پٹیل کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

**S/B - President on ISRO**

صدر جمہوریہ نے اجاگر کیا کہ سردار پٹیل، آزادی کے بعد بہت سی رجواڑہ ریاستوں کے سیاسی اتحاد کے ذریعے جدید بھارت کے معمار ہیں۔ صدر جمہوریہ نے یہ بھی کہا کہ اسٹیچو آف یونٹی سردار پٹیل کی بیش بہا وراثت کو ایک بھرپور خراجِ عقیدت ہے۔

”نئی جہتوں کی جستجو میں بھارتی خلائی سفر“ سے متعلق سردار پٹیل میموریل لیکچر 2024 دیتے ہوئے ISRO کے چیئرمین ڈاکٹر ایس سومناتھ نے کہا کہ بھارت کی کاوشیں اگلے دس برسوں میں عالمی خلائی معیشت میں اپنے تعاون کو توسیع دے کر دس فیصد کرنے کا عزم رکھتی ہیں۔

**S/B - FIN S Somanth on ISRO**

انھوں نے کہا کہ اِس وقت عالمی خلائی معیشت میں بھارت کا تعاون صرف دو فیصد ہے اور ملک اِس میں توسیع کرنا چاہتا ہے۔×

**JITENDRA SINGH**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ 2035 تک بھارت کا اپنا خلائی اسٹیشن ہوگا، جسے بھارتیہ Antriksh اسٹیشن کے نام سے جانا جائے گا۔ انہوں نے یہ اعلان کل نئی دہلی میں خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے اِسرو اور بائیو ٹیکنالوجی کے محکمے کے درمیان ایک مفاہمت نامے پر دستخط کی تقریب کے دوران کیا۔ اِس مفاہمت نامے کا مقصد بائیو ٹیکنالوجی کو خلائی ٹیکنالوجی کے ساتھ مربوط کرنا ہے، جس سے ملک میں سائنسی اختراع کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔ مفاہمت نامے میں ایک ’بھارتیہ Antriksh اسٹیشن‘ کا قیام اور ’BioE3‘ یعنی معیشت، ماحولیات اور روزگار کے لیے بایو ٹیکنالوجی کی پالیسی کی شروعات سمیت جیسے کئی اہم اقدامات کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔

حکومت کے مطابق یہ باہمی تعاون مائیکرو گریویٹی ریسرچ، اسپیس بائیوٹیکنالوجی، اسپیس بائیو مینوفیکچرنگ، بائیو ایسٹروناٹکس اور اسپیس بایولوجی جیسے شعبوں پر توجہ مرکوز کرے گا۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ بھارت کے خلائی شعبے کی تیز رفتار ترقی میں سرکاری و نجی شراکت داری کا اہم رول رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خلائی اسٹارٹ اپس کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ تقریباً 300 اسٹارٹ اپس اب خلائی معیشت میں اپنا حصہ ڈال رہے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ توقع ہے کہ اس شراکت داری سے قومی انسانی خلائی پروگرام کو فائدہ پہنچے گا اور انسانی صحت کی تحقیق، دوا سازی، ریجنریٹیو میڈیسن اور کچرے کے مؤثر بندوبست اور ری سائیکلنگ کے لیے حیاتیات پر مبنی ٹیکنالوجیز میں اختراعات کو فروغ حاصل ہوگا۔×

## MAHARASHTRA ELECTIONS

مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے لیے پرچہئ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ منگل کو ہے۔
مختلف سیاسی پارٹیوں نے کل اپنے امیدواروں کی فہرست جاری کردی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

## V/C Prarthana

مہاراشٹر میں آئندہ اسمبلی انتخابات کیلیے بھارتیہ جنا پارٹی نے کل اپنے 22 امیدواروں کی فہرست جاری کردی ہے۔ BJP نے اب تک 121 سیٹوں کے لیے اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کردیا ہے۔

کانگریس نے بھی کل اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے اور اس کے ساتھ ہی کانگریس کی جانب سے آئندہ اسمبلی انتخابات کے لیے کُل87 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا جا چکا ہے۔

NCP (SP) نے اپنی دوسری فہرست میں 22 امیدواروں کا اعلان رکھا ہے اور پارٹی نے اب تک کُل67 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کردیا ہے۔

شیوسینا (UBT) نے اپنی دوسری فہرست میں 15 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے جس میں وہ تین نام بھی شامل تھے جن کا اعلان سوشل میڈیا پر کیا گیا تھا۔

مہاراشٹر Nav Nirman Sena نے کل اپنے 15 امیدواروں پر مشتمل ایک فہرست جاری کی ہے۔

ریاست میں اب تک 288 اسمبلی حلقوں کے لیے 991 امیدوار اپنے پرچہئ نامزدگی کر چکے ہیں۔

مہاراشٹر میں 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے اور ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں......

## BJP MAHARASHTRA STAR CAMPAIGNERS

وزیر اعظم نریندر مودی، دیگر مرکزی وزراء اور BJP کے سینئر رہنماؤں کے ساتھ آئندہ مہاراشٹر اسمبلی انتخابات میں حکمراں مہایوتی اتحاد کیلئے انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ BJP نے انتخابی مہم میں حصہ لینے والی 40 سرکردہ شخصیات کی ایک فہرست جاری کی ہے۔ اِس میں وزیر اعظم مودی، مرکزی وزراء امت شاہ، راجناتھ سنگھ، نتن گڈکری اور اشونی ویشنو کے علاوہ دیگر افراد شامل ہیں۔

اِس کے علاوہ BJP کے کئی ریاستی وزراء اعلیٰ بھی چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔×

## JHARKHAND EC CAUTION

انتخابی کمیشن نے سیاسی پارٹیوں اور ان کے امیدواروں کو خبردار کیا ہے کہ وہ ایسے بیانات سے گریز کریں، جس سے دوسروں کے جذبات کو ٹھیس پہنچتی ہو۔ جھارکھنڈ کی ایڈیشنل چیف الیکٹورل آفیسر نیہا اروڑہ نے کہا ہے کہ ایسے بیانات مثالی ضابطۂ عمل کی خلاف ورزی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ایسے معاملات میں FIR درج کی جائے گی اور مناسب کارروائی کی جائے گی۔

**S/B - Neha Arora**

اُن کا یہ بیان BJP کی قبائلی خاتون امیدوار سیتا سورین کے خلاف جھارکھنڈ کے وزیر اور کانگریس رہنما عرفان انصاری کے نازیبا کلمات کے بعد سامنے آیا ہے۔

## ESI SCHE

اِس سال اگست کے مہینے میں ملازمین کی ریاستی بیمہ اسکیم ESI کے تحت 20 لاکھ 74 ہزار سے زیادہ نئے ملازمین کا اندارج کیا گیا ہے۔ سال بہ سال کے تجزیے سے ظاہر ہوتا ہے کہ ملازمین کے مجموعی اندراج میں پچھلے سال کے اگست کے مقابلے 6 اعشاریہ 8 صفر فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ 20 لاکھ 74 ہزار ملازمین میں سے 9 لاکھ نواسی ہزار ملازمین، جو کہ تقریباً 47 اعشاریہ چھ آٹھ فیصد ہے، 25 سال تک کی عمر گروپ سے تعلق رکھتے ہیں۔ Payroll Data کے صنفی تجزیے سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگست کے مہینے میں ملازمین کے مجموعی اندراج میں 4 لاکھ 14 ہزار خواتین ہیں۔

محنت اور روزگار کی وزارت نے کہا ہے کہ اگست کے مہینے میں 28 ہزار 917 نئے ادارے ESI اسکیم کی سماجی سکیورٹی کے دائرہ کار کے تحت لائے گئے ہیں۔×

## SPAIN PRESIDENT

اسپین کے صدر Pedro Sanchez آج سے بھارت کے 3 روزہ سرکاری دورے پر ہوں گے۔ ان کے ہمراہ ان کی اہلیہ Begona Gomez بھی ہوں گی۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ ان کا بھارت کا پہلا دورہ ہوگا۔ 18 سال بعد اسپین کے صدر کا دورہ ہو رہا ہے۔ اس سے قبل وزیر اعظم مودی اور صدر Sanchez، کثیر رُخی میٹنگوں کے موقع پر کئی بار ملاقات کرچکے ہیں۔ دورے کے دوران صدر Sanchez وزیر اعظم مودی کے ساتھ وفد سطح کی بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنما وڈودرا میں C295 طیارے کے فائنل اسمبلی لائن پلانٹ کا افتتاح کریں گے، جو ہوا بازی کے شعبے میں ایک اہم 'میک ان انڈیا' اقدام ہے، جسے ٹاٹا ایڈوانسڈ سسٹمز نے ائیربس اسپین کے تعاون سے قائم کیا ہے۔

دورے کے دوران وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر بھی صدر Sanchez سے ملاقات کریں گے۔ صدر Sanchez ممبئی بھی جائیں گے، جہاں وہ تجارت اور صنعت کے رہنماؤں، تھنک ٹینکس اور فلم انڈسٹری کے افراد سے بات چیت کریں گے۔ اُن کے اِس دورے کے دوران متعدد مفاہمت ناموں اور معاہدوں پر دستخط کیے جانے کی توقع ہے، جس سے دو طرفہ تعاون کو مزید تقویت ملے گی۔×

## WRESTLING

کشتی میں Wrestling World Championship 2024 میں Alfania کے Tirana، Under 23 مقابلے میں بھارت کے ابھیشیک نے کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ انھوں نے گذشتہ رات مردوں کے 61 کلوگرام زمرے میں یوکرین کے My Kyta Abramov کو 0-3 سے ہرایا۔

Azbarbaijan کے Bashir Magomedev نے سونے کا تمغہ اور Ruslan Asif Abdullagev نے چاندی کا تمغہ جیتا ہے جبکہ Ebrahim Mahdi Khav نے ابھیشیک کے ساتھ کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔x

## WOMEN'S CRICKET

کرکٹ میں آج احمد آباد میں تین میچوں کی سیریز کے دوسرے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دن میں ڈیڑھ بجے شروع ہوگا۔

احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں جمعرات کو کھیلے گئے سیریز کے پہلے میچ میں بھارتی ٹیم نے عالمی ٹی ٹوئنٹی چمپئن نیو زیلینڈ کو 59 رن سے ہرایا تھا۔ دِپتی شرما نے 41 رن بناکر اور ایک وکٹ حاصل کرکے شاندار کار کردگی کا مظاہرہ کیا تھا۔ رادھا یادو نے 35 رن دے کر 3 وکٹ حاصل کئے تھے، جبکہ اپنا پہلا میچ کھیل رہی Tejal Hasabnis نے بھی شاندار بلے بازی کی تھی۔x

## SAFF INDIAN

SAFF خواتین چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں آج بھارت کی سینئر خواتین فٹبال ٹیم کا مقابلہ نیپال سے ہوگا۔ یہ میچ آج کاٹھمنڈو کے دشرتھ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

اس ٹورنامنٹ میں نیپال کی ٹیم کی مسلسل اچھی کارکردگی رہی ہے اور وہ پچھلے ایڈیشن میں بھارت کو ہراکر فائنل مقابلے میں پہنچی تھی۔

گروپ اسٹیج مقابلے میں کپتان آشا لتا دیوی کی قیادت میں بھارتی ٹیم نے پاکستان کو پانچ۔دو سے ہرایا لیکن بنگلہ دیش سے ایک۔تین سے ہار گئی۔ نیپال نے بھوٹان کے ساتھ صفر۔صفر سے مقابلہ برابر کیا اور مالدیپ کے خلاف گیارہ۔صفر سے جیت درج کی اور سری لنکا کو چھ۔صفر سے ہرایا۔

بھارتی ٹیم پانچ بار کی چیمپن ہے جسے سال 2022 کے SAFF خواتین چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں نیپال نے اسی اسٹیڈیم میں ہرایا تھا، جس کی وجہ سے 2010 میں اس ٹورنامنٹ کے آغاز کے بعد سے پہلی بار بھارتی ٹیم یہ مقابلہ جیتنے میں ناکام رہی تھی۔

## WTT MANIKA BATRA

منیکا بترا نے ٹیبل ٹینس میں فرانس میں جاری ڈبلیو ٹی ٹی چیمپئنز Montpellier 2024 مقابلے کے کوارٹر فائنلز کے لئے کوالیفائی کرنے والی پہلی بھارتی کھلاڑی بن کر تاریخ

رقم کی ہے۔ حالانکہ وہ کوارٹر فائنلز میں چین کی کھلاڑی **Qian Tianyi** سے تین۔صفر سے ہار گئیں۔

دنیا میں **30** ویں درجہ کی کھلاڑی منیکا نے دنیا کے **14**ویں درجے کے کھلاڑی رومانیہ کے کھلاڑی **Bernadette Szocs** کو تین۔ایک سے ہراکر کوارٹر فائنلز میں جگہ بنائی تھی۔ انھوں نے **Montpellier** میں اپنے سفر کی شروعات امریکہ کی کھلاڑی **Lily Zhang** کو تین صفر سے ہراکر کی تھی۔**x**

## INDIA WESTASIA

بھارت نے مغربی ایشیا میں بڑھتی کشیدگی اور خطے اور اس سے باہر امن و استحکام کے لیے اس کے اثرات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔

نئی دلی نے تمام متعلقہ افراد سے تحمل کا مظاہرہ کرنے اور بات چیت اور سفارت کاری کے راستے پر واپس آنے کی اپیل کا اعادہ کیا۔

وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ جاری کشیدگی سے کسی کا بھی فائدہ نہیں ہے جبکہ بے گناہ یرغمالیوں اور شہری آبادی مسلسل اس سے متاثر ہو رہی ہے۔

## DELHI POLLUTION

آلودگی پر قابو پانے کے مرکزی بورڈ **CPCB** نے قومی راجدھانی دلی کی ہوا کے معیار کو انتہائی خراب کے زمرے میں درجہ بندی کی ہے۔

**CPCB** نے آج صبح **6** بجے راجدانی دلی میں ہوا کے معیار کا اشاریہ، **AQI**، **349** درج کیا ہے۔

واضح رہے کہ صفر سے پچاس کے درمیان **AQI** کو بہترین **51** سے **100** تک کو قابل اطمینان، **101** سے **200** تک کو معتدل، **201** سے **300** تک کو خراب اور **301** سے **400** تک کو انتہائی خراب کے زمرے میں رکھا جاتا ہے۔

**401** سے **450** کے درمیان ہوا کے معیار کے اشاریے کو انتہائی سنگین نوعیت کا مانا جاتا ہے۔**x**

## BJP LIST

مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے لیے **BJP** نے اپنے امیدواروں کی دوسری فہرست جاری کی ہے۔ **22** امیدواروں پر مشتمل اس فہرست کے مطابق **BJP** نے ناسک سینٹرل سے دویانی سہاس فرانڈے کو امیدواری دی ہے۔ وہیں ملند رام جی نروٹے کو گڈچرولی سے اور چین سکھ مدن لال سنچیتی کو ملکا پور اسمبلی حلقے سے میدان میں اتارا ہے۔**x**

یہ تھی خبریں۔

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ضمیر رضوی

شکریہ - آسیہ

قومی راجدھانی دلی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے اُس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے جس میں انھوں نے کہا کہ عالمی خطہ جنوب کے ممالک کو بھارت سے بہت سی امیدیں وابستہ ہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ کورونا وائرس کی وبا کے دوران جب دنیا کے غریب ممالک ویکسین کے لیے ترس رہے تھے تب بھارت نے ویکسین پر کام کیا تھا۔

روزنامہ پرتاپ نے مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے لیے کانگریس کے 23 امیدواروں پر مشتمل دوسری فہرست جاری ہونے کی خبر کو صفحہئ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق کانگریس نے جالنہ سے کیلاش گورنٹیال اور اورنگ آباد مشرق سے MK دیشمکھ کو امیدواری دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کی چیف الیکٹول افسر کے اُس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے جس میں انھوں نے سبھی سیاسی پارٹیوں کے امیدواروں سے کہا ہے کہ وہ قابل اعتراض بیانات دینے اور مثالی ضابطہئ اخلاق کی خلاف ورزی سے بچیں۔ اخبار کے مطابق اس سے متعلق رہنما خطوط ایک بار پھر سیاسی جماعتوں اور ان کے امیدواروں کو مہیا کروائے جا رہے ہیں۔

روزنامہ انقلاب نے ایران کے کئی شہروں پر اسرائیل کے فضائی حملوں کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق ایران نے ان حملوں کا بھرپور جواب دینے کا عزم کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ نے اگست کے مہینے میں ESIC میں 20 لاکھ 74 ہزار نئے ملازمین کے اندراج کی خبر کو صفحہ اول کی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار کے مطابق اس تعداد میں 4 لاکھ 14 ہزار خواتین ملازمین ہیں۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں 11 بجے آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

2 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج بھارت-بنگلہ دیش سرحد سے متصل Petrapole خشکی بندرگاہ میں مسافروں کیلئے نئے تیار کردہ ٹرمنل عمارت اور مال برداری کے گیٹ 'میتری دوار' کا افتتاح کریں گے۔

3 مرکزی وزیر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ 2035 تک بھارت کا اپنا خلائی اسٹیشن ہوگا، جو بھارتیہ Antriksh اسٹیشن کے نام سے جانا جائے گا۔

4 اِس سال اگست کے مہینے میں ESI اسکیم کے تحت 20 لاکھ 74 ہزار سے زیادہ نئے ملازمین کا انداراج کیا گیا ہے۔

5 اسپین کے صدر Pedro Sanchez آج سے بھارت کے تین روزہ دورے پر ہوں گے۔

6 بھارت کے ابھیشیک نے البانیہ کے Tirana میں 23 سال سے کم عمر کی کشتی عالمی چمپئن شپ میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

7 اور آج سہ پہر احمد آباد میں تین میچوں کی سیریز کے دوسرے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم کا سامنا نیو زیلینڈ سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔